قومی احتساب بیورو

(اسلام آباد)

****

Dated: 16th May, 2025

پریس ریلیز

نیب ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران ایشیاہاوسنگ سوسائٹی (گلشن کشمیر) راولپنڈی کے 200 متاثرین میں ان کے پلاٹس کے الاٹمنٹ لیٹر تقسیم کر دیے گئے۔ڈپٹی چیئرمین قومی احتساب بیورو سہیل ناصر اس موقع پر مہمان خصوصی تھے۔ڈائریکٹر جنرل نیب راولپنڈی ریجن، وقار احمد چوہان اور محمد الیاس شاہد نواز اجدون سید اظہار حسین شاہ سراوش الطاف اور دیگر نیب افسران بھی موجود تھے۔

ڈپٹی چیئرمین نیب سہیل ناصر نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیب افسران دن رات ایک کر کے غیر قانونی ہاوسنگ سوسائٹیز اور سرمایہ کاری کی سکیموں میں خون پسینے کی کمائی اور جمع پونجی سے محروم ہونے والے متاثرین کی فوری دادرسی اور ان کی رقوم کی بلا تاخیر واپسی کے لئے سرگرم عمل ہیں۔ ان کوششوں کے نتیجے میں کثیر تعداد میں متاثرین کو ان کے لوٹے گئے سرمایہ کی واپسی یقینی بنائی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ دھوکہ دہی سے عوام کی لوٹی گئی دولت کی واپسی نیب کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لئے ہر ممکن کاوشیں بروئے کار لائی جارہی ہیں۔اس سلسلے میں زیر سماعت مقدمات کو بھی تیزی سے نمٹایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریکارڈ مدت میں مذکورہ ہاوزنگ سکیم کی تحقیقات مکمل کر کے متاثرین کو ان کا حق واپس دلایا گیا ہے جس پر نیب راولپنڈی کی پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ڈپٹی چیئرمین نیب سہیل ناصر نے شہریوں سے کہا کہ وہ کسی بھی رہائشی منصوبہ میں سرمایہ کاری سے قبل اس کی ساکھ بالخصوص این او سی، ملکیتی رقبے کی تسلی کریں تا کہ انہیں بعد میں نقصان نہ اٹھانا پڑے۔

ڈائریکٹر جنرل نیب راولپنڈی وقار احمد چوہان نے اس موقع پر بتایا کہ نیب انکوائری کی وجہ سے ایشیاہاوسنگ سوسائٹی (گلشن کشمیر) کے 281 متاثرین کو 77 ملین روپے کی ادائیگی سوسائٹی انتظامیہ کی طرف سے پہلے ہی کرائی جاچکی ہے۔جبکہ احتساب عدالت کی منظوری کے بعد پلی بارگین سے اس سوسائٹی کے 207 متاثرین کو 96 ملین روپے نیب ہیڈکوارٹر اسلام آباد میں اس سے قبل منعقدہ تقریب میں ادا کئے گئے اور اب اس سوسائٹی کے 200 متاثرین میں ان کے پلاٹس کے قبضہ لیٹر تقسیم کئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ رہائشی منصوبوں میں سرمایہ کاری کے نام پر دھوکہ دہی کے مرتکب عناصر کے

خلاف سخت قانونی کاروائی کی جارہی ہے۔ نیب راولپنڈی میں دیگر کیسز میں بھی کاروائی کا عمل تیز کیا جارہاہے تا کہ متاثران کو ان کا لوٹا گیا سرمایہ جلد واپس مل سکے۔ ڈپٹی چیئرمین نیب سہیل ناصر نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے نیب افسران میں شیلڈز تقسیم کیں۔